ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

پریس ریلیز

عوام الناس کی آگاہی کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022، پارٹ سیکنڈ / کمپوزٹ کا نتیجہ انشاء اللہ مورخہ 20-10-2022 بروز جمعرات بوقت 10:00 A.M کو شائع کیا جا رہا ہے لہذا جملہ متعلقین، سربراہان ادارہ جات، اساتذہ کرام طلباء و طالبات اپنا نتیجہ بورڈ کی ویب سائیٹ www.bisesahiwal.edu.pk سے چیک کر سکتے ہیں علاوہ ازیں امیدوار اپنا رول نمبر اپنے موبائل فون سے 800292 پر SMS کر کے نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں۔ نتیجہ / گزٹ کی CD مبلغ -/100 روپے حبیب بینک کوٹ خادم علی، برانچ ساہیوال میں جمع کروا کر دفتر ہذا میں سہولت مرکز سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ جن امیدواران کے نتائج بقایا فیس یا دیگر دفتری کوائف پورے نہ کرنے کی وجہ سے رکے ہیں وہ اس وقت تک جاری نہیں کیے جائیں گے جب تک وہ اپنے کوائف / اوجبات پورے ادا نہیں کر دیتے ری چیکنگ کروانے بارے امیدواران کی سہولت کے لیے بورڈ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ طالبعلم آن لائن ری چیکنگ کے لیے اپلائی کریں گے بورڈ ری چیکنگ کی تاریخ بارے بذریعہ SMS امیدوار کو آگاہ کرے گا۔ طالب علم فیس جمع کروانے کے لیے بینک جائیں گے اور فیس جمع کروا کر اصل فارم بورڈ میں جمع کروانا لازمی ہوگا اور بورڈ سے ملنے والی تاریخ پر امیدواران اپنی جوابی کاپی کی ری چیکنگ کے لیے بورڈ میں آئیں گے اور ساتھ جمع شدہ فیس چالان کی اصل کاپی اور بورڈ رسید ہمراہ لائیں گے نیز اگر کسی امیدوار کو رزلٹ کارڈ نہ ملے تو وہ دفتر سے بالمشافہ یا بذریعہ فون نمبر 040-9200522 پر رابطہ کر سکتا ہے۔

-SD-

کنٹرولر امتحانات

مورخہ 04-10-2022

تشہیر نمبر 507-Aci

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی ایس ٹو چیئرمین

2۔ پی اے ٹو سیکرٹری / کنٹرولر امتحانات

3۔ سسٹم اینالسٹ (اس درخواست کے ساتھ کہ اس پریس ریلیز کو بورڈ کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کر دیا جائے)

4۔ جملہ آفیسران (بورڈ)

5۔ RCO (برائے تشہیر الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا)

انچارج انٹر برانچ

04/10/2022

CamScanner